© rasailojaraid.com



سب ہی کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں۔ کوئی وقت تھا جب غریب دال روٹی اپنی تقدیر سمجھتا تھا آج اوسط درجہ کے لوگوں کے لیے دال روٹی کی فراہمی بھی ایک مشکل مرحلہ بن گیا ہے۔ غریب و مزدور کے بس میں دال روٹی نہیں۔ درمیانہ طبقہ کے لوگوں کے لیے جب دال روٹی ملنا محال ہوتا جارہا ہے پھر یہ مہنگائی کی مار اس سائنسی دور کے انسان کو کہاں لے جاکر پٹخے گی یہ ہماری سمجھ سے باہر ہے۔ ارباب حل وعقد کے لیے ضروری ہے کہ مہنگائی کے مسئلے کو ہر زاویہ نگاہ سے اولیت دیں اور اسے حل کریں۔ مہنگائی کو ختم کرنا تو مشکل ہے مگر مہنگائی کی تیز رفتاری پر تو لگام دیا ہی جاسکتا ہے اور ہم ان صفحات میں مہنگائی کی رفتار پر لگام دینے کے لیے حکومت ہند سے مؤدبانہ گذارش کریں گے۔

---


احادیث نبوی کا شاندار ذخیرہ

# ترجمان السنہ

## چار جلدوں میں

ترجمان السنہ حدیث شریف کی ایک لاجواب کتاب ہے جس کے ذریعے سے فرمودات نبوی کا نہایت اہم اور مستند و معتبر ذخیرہ نئے عنوانوں اور نئی ترتیب کے ساتھ عام فہم زبان میں منتقل کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں احادیث نبوی کے صاف و سلیس ترجمہ کے ساتھ تمام متعلقہ مباحث کی دلپذیر تشریح و تفسیر کی گئی ہے اور اس تشریح میں سلف صالح کی پیروی کے ساتھ جدید ذہنوں کی بھی پوری رعایت کی گئی ہے۔

قیمت مکمل چار جلدیں غیر مجلد — ۷۰۰ روپے ※ مجلد — ۸۲۰ روپے

منگوانے کا پتہ

ندوۃ المصنفین 4136 ، اردو بازار دہلی ۶


© rasailojaraid.com